فوری ریلیز کے لیے: 2022/2/12　　　　گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ ریاستی پولیس نے شکرگزاری تعطیلات میں کیے جانے والے کریک ڈاؤن کے دوران غلط ڈرائیونگ پر 213 افراد کو گرفتار کیا

سپاہیوں نے 2022 کی شکرگزاری تعطیلات میں منعقد کیے جانے والی ٹریفک پابندی مہم کے دوران تقریباً 14,100 ٹکٹ جاری کیے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیویارک کی پولیس نے اس سال کے تھینکس گیونگ ٹریفک انفورسمنٹ انیشی ایٹو کے دوران 14,063 ٹکٹ جاری کیے، جس میں تعطیلات والے ویک اینڈ میں ڈرائیونگ کے غیر محفوظ طرز عمل کو نشانہ بنایا گیا تھا۔ ریاستی پولیس کے اہلکاروں نے غلط ڈروائیونگ کے ارتکاب پر 213 افراد کو گرفتار کیا اور 927 حادثات کی تحقیقات کیں، جن میں سے تین حادثات میں ہلاکتیں بھی ہوئی تھیں۔ یہ خصوصی 'ٹریفک انفورسمنٹ پیریڈ' جسے گورنر کی ٹریفک سیفٹی کمیٹی کی طرف سے مالی اعانت فراہم کی جاتی ہے بدھ 23 نومبر سے اتوار 27 نومبر، 2022 تک جاری رہا۔

"گاڑی چلانے کے لئے بیٹھنے سے قبل شراب پینا، تیز رفتاری کا مظاہرہ کرنا، اور ڈرائیونگ کرتے ہوئے توجہ ہٹانے والے کام کرنا، یہ سب ایسے خراب امور ہیں جن سے زندگیاں تبدیل کرنے والے نتائج برآمد ہو سکتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں قانون نافذ کرنے والے اراکین کی کوششوں کی تعریف کرنا چاہوں گی جنھوں نے خراب اور لاپرواہ ڈرائیونگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کے لئے تعطیلات کے دوران کام کیا۔ ان کی انتھک محنت سے نیویارک کی سڑکوں کو ملک میں سب سے محفوظ بنانے میں مدد مل رہی ہے۔"

ریاستی پولیس نے پوری ریاست میں معمول کے گشت کرنے کے ساتھ ساتھ ہوش و حواس کی جانچ کے لئے چیک پوائنٹس مقرر کیے، کم عمری میں شراب پی کر ڈرائیونگ کو روکنے والے اقدامات کیے، اور "آپریشن ہینگ اپ" کا انعقاد کیا جو پوشیدہ شناخت ٹریفک انفورسمنٹ (CITE) والی گشت گاڑیوں کا استعمال کرکے ان ڈرائیوروں کی شناخت کرتی ہیں جو ہاتھ میں تھامی ہوئی ڈیوائسز پر بات چیت یا ٹیکسٹنگ کر رہے ہوں۔ یہ غیر نشان زدہ گاڑیاں روزمرہ کی ٹریفک کے ساتھ گھل مل جاتی ہیں لیکن ایمرجنسی لائٹنگ کے چالو ہونے کے بعد ہنگامی گاڑیوں کے طور پر واضح ہو جاتی ہیں۔

نیویارک کی ریاستی پولیس کے قائم مقام سپرنٹنڈنٹ Steven A. Nigrelli نے کہا، "میں تھینکس گیونگ کی تعطیلات کے اختتامِ ہفتہ کے دوران نیویارک کے تمام شہریوں کے لئے ہماری سڑکوں کو محفوظ رکھنے پر اپنے ٹروپرز کے جذبے اور لگن کو سراہتا ہوں۔اس مہم کے نتائج ثابت کر رہے ہیں کہ بہت سے لوگ نشے کی حالت میں یا منشیات کی وجہ سے بیکار ہو جانے کے باوجود گاڑی چلانے کے لئے بیٹھ جاتے ہیں۔ ہم اس رویے کو برداشت نہیں کریں گے، اور ریاستی پولیس کی خواتین اور مرد ان لاپرواہ افراد کو ہماری سڑکوں سے ہٹانے کے لئے پوری طرح چوکس و ہشیار رہیں گے۔"

نیویارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف موٹر وہیکلز کے کمشنر اور گورنر کی ٹریفک سیفٹی کمیٹی کے چیئر Mark J.F. Schroeder نے کہا، "چاہے وہ جنگل کے اوپر سے گزر رہی ہو یا انٹراسٹیٹ کے نیچے دادی اماں کے گھر تک جا رہی ہو، یا کسی اور عزیز یا دوست کے گھر تک پہنچا رہی ہو، سڑکوں کو محفوظ رکھنا اور یہ امر یقینی بنانا ہماری

اولین ترجیح ہے کہ آپ کہیں جا رہے ہوں یا کہیں سے آ رہے ہوں آپ اپنی منزل تک بخیریت پہنچ جائیں۔ تعطیلات زندگی کا جشن منانے کے لئے ہوتی ہیں، لیکن اگر آپ نے حد سے زیادہ جشن منا لیا ہے تو اپنے گھر پہنچنے کی منصوبہ بندی کرنا بہت اہم ہے تاکہ آپ ہماری سڑکوں پر دوسروں کی زندگی خطرے میں نہ ڈالیں۔ ہمیں ریاستی پولیس اور مقامی اور کاؤنٹی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنے پر ہمیشہ مسرت ہوتی ہے تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ چھٹیوں کا سفر ویسا ہی ہو جیسا کہ ہونا چاہئے۔"

نفاذ کے جزو کے طور پر اہلکاروں نے پوری ریاست میں تیز رفتاری سے، جارحانہ انداز میں اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے والوں کو بھی نشانہ بنایا۔ ذیل میں جاری کیے گئے کل ٹکٹس کی نمونہ بندی پیش کی جا رہی ہے۔

- **مقررہ حد سے زیادہ رفتار -** 4,757
- **بے توجہی سے ڈرائیونگ کرنا -** 425
- **سیٹ بیلٹ کی خلاف ورزیاں -** 1,791
- **موو اوور قانون -** 131

ٹروپ کے لحاظ سے ترتیب شدہ مہم کے نتائج:

پولیس	**علاقہ**	**رفتار**	**DWI گرفتاریاں** (# افراد)	**لاپرواہ ڈرائیونگ**	**طفلی حفاظتی بند/ سیٹ بیلٹ**	**لین بدلنے کی تبدیلی**	**کُل ٹکٹس** (بشمول دیگر خلاف ورزیاں)
A	**Western NY**	320	13	18	221	5	1,201
B	**North Country**	272	4	6	68	15	865
C	**Southern Tier**	471	8	30	250	16	1,400
D	**Central NY**	522	11	41	486	10	1,791
E	**Finger Lakes**	381	16	15	135	9	1,414
F	**Upper Hudson Valley**	405	45	65	136	7	1,201
G	**Capital Region**	411	21	30	94	13	1,116
K	**Lower Hudson Valley**	836	42	57	90	30	1,679
L	**Long Island**	411	31	50	77	2	1,132
NYC	**New York City**	98	4	53	24	2	600
T	**NYS Thruway**	630	18	60	210	22	1,664

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418